# اندھے شیشوں میں

# چمکا ہمارا نبی

**28-August-2025**



ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں ہونے والا

سنتوں بھرا بیان

(For Islamic Brothers)

28 اگست، 2025ء (3 ربیع الاول شریف، 1447ھ)

کو پاکستان بھر میں دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار اجتماعات میں ہونے والا بیان

# اندھے شیشوں میں چمکا ہمارا نبی

اس بیان میں آپ جان سکیں گے...


✿...ہر ادا دَلیلِ خَتمِ نبوت صفحہ: 7

✿...بہت شِدَّت والی آیتِ کریمہ صفحہ: 14

✿...نیکی کی دعوت دینا سُنّتِ انبیا ہے صفحہ: 17

✿...اللہ و رسول کا خلیفہ کون..؟؟ صفحہ: 18



پیشکش

اَلْمَدِیْنَةُ الْعِلْمِیَة

Islamic Research Center

(شعبہ: بیاناتِ دعوتِ اسلامی)

FOR FEEDBACK
(+92) 315 2692 786

GET MORE SPEECHES
(+92) 310 8882 033

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن

اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللہ وَعَلٰی آلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَاحَبِیْبَ اللہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللہ وَعَلٰی آلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَانُوْرَ اللہ

نَوَیْتُ سُنَّتَ الْاِعْتِکَاف (ترجمہ: میں نے سُنَّت اعتکاف کی نِیَّت کی)

# دُرودِ پاک کی فضیلت

مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر بن خطّاب رَضِیَ اللہُ عنہ سے روایت ہے، رسولِ ذیشان، مکی مَدَنی سلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: چمکتی ہوئی رات اور روشن دِن میں مجھ پر درود بھیجو، بیشک تمہارا درود مجھ پر پیش ہوتا ہے، میں تمہارے لیے دُعا مانگتا اور اِسْتِغْفَار کرتا ہوں۔[1]

**وضاحت:** چمکتی رات سے مراد شبِ جمعہ (یعنی آج کی رات) اور روشن دِن سے مراد جمعۃُ الْمُبارَک ہے۔[2]

آنکھوں سے کیا دَرْیا جارِی اور لب پہ دُعا پیاری پیاری
رو رو کے گزاری شب ساری، اے حامئِ اُمّت کیا کہنا...!!

سُبْحٰنَ اللہ! **پیارے اسلامی بھائیو!** کتنی پیاری فضیلت ہے، پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم ہم گنہگاروں کے لیے دُعائیں بھی فرماتے ہیں، اِسْتِغْفَار بھی فرماتے ہیں۔ دُعائے مصطفےٰ کی تو ماشَآءَ اللہ! شان ہی یہ ہے کہ بس ہاتھ اُٹھنے کی دَیر ہوتی ہے، سب

1 ...الدر المنضود، الفصل الرابع، صفحہ: 93۔
2 ...الدر المنضود، الفصل الرابع، صفحہ: 93۔

بگڑیاں بن جاتی ہیں۔ مولانا حَسَن رضا خان صاحب رحمۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں نا:

مَقْبُول ہیں اَبْرو کے اِشارے سے دُعائیں | کب تیر کماندارِ نبوت کا خطا ہو [1]

**یعنی** محبوبِ ذیشان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے اَبْرُو (بھووں) مبارَک کا بَس اِشارہ ہی ہو جائے تو دُعائیں پُوری ہو جاتی ہیں، یہ وہ مُقَدَّس تیر ہے جو کبھی خطا کھاتا ہی نہیں ہے۔

غور فرمایئے! جب رسولوں کے تاجدار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم ہمارے لیے دُعا فرمائیں گے تو کیونکر بگڑیاں نہیں بنیں گی، اِس لیے ہمیں چاہئے کہ درودِ پاک کی عادَت بنائیں، خصوصًا شبِ جمعہ (یعنی جمعرات و جمعہ کی درمیانی رات) اور جمعہ کے دِن کَثْرت سے درود شریف پڑھا کریں۔ اللہ پاک ہمیں توفیق نصیب فرمائے۔

حکمِ حق ہے پڑھو! درود شریف | چھوڑو مت غافِلو! درود شریف
پڑھ کے ایک بار، پاؤ دس رحمتیں | خُوب سَودا ہے لو! درود شریف
خُود خُدا بھیجتا ہے اُن پر درود | تم بھی بھیجا کرو! درود شریف
آخرت کے سفر کو اے بیدلؔ! | نَوشتَہ تم لے چلو! درود شریف [2]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!          صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## بیان سننے کی نیتیں

**حدیثِ پاک** میں ہے: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّات اعمال کا دارو مدار نیّتوں پر ہے۔ [3]

**اےعاشقانِ رسول!** اچھّی اچھّی نیّتوں سے عمل کا ثواب بڑھ جاتا ہے۔ آیئے! بیان سننے

1 …ذوقِ نعت، صفحہ: 207۔
2 …نورِ ایمان، صفحہ: 39۔
3 …بخاری، کتاب بدءُ الوَحی، صفحہ: 65، حدیث: 1۔

سے پہلے کچھ اچھّی اچھّی نیّتیں کر لیتے ہیں، نیت کیجئے! ❁ رضائے الٰہی کے لیے بیان سُنوں گا ❁ باادَب بیٹھوں گا ❁ خوب تَوَجُّہ سے بیان سُنوں گا ❁ جو سُنوں گا، اُسے یاد رکھنے، خُود عمل کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کی کوشش کروں گا۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## ثُمامہ بن اُثال کا قبولِ اسلام

حضرت ثُمامہ بن اُثال رَضِیَ اللّٰہُ عنہ صحابیٔ رسول ہیں، یَمَامَہ کے رہنے والے تھے۔ صحابی بننے سے پہلے آپ اِسْلام کے سخت تَرِین دُشمن تھے، ایک بار انہوں نے رسولِ اکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو (مَعَاذَ اللّٰہ!) شہید کر دینے کی کوشش بھی کی تھی۔ پِھر ان پر کرم ہوا، دولتِ اسلام سے مشرف ہوئے اور صحابی بن گئے۔ آپ نے اسلام کیسے قبول کیا ہے؟ اِس کا واقعہ بڑا خوبصُورت ہے۔

سِن 6 ہجری کا واقعہ ہے، ہُوا یہ کہ ایک مرتبہ ثُمامہ بن اُثَال کو قیدی بنا کر بارگاہِ رسالت میں پیش کیا گیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے حکم دیا: اِسے مسجدِ نبوی میں ستون کے ساتھ باندھ دیا جائے۔ حکم پر فوراً عمل ہوا، ثُمامہ کو سُتون کے ساتھ باندھ دیا گیا۔ (1)

اَسیر جس کو بنا کر رکھیں مدینے میں | تمام عمر رہائی کی وہ دُعا نہ کرے

اِنہیں مسجد میں سُتُون کے ساتھ ہی کیوں باندھا گیا؟ عُلَمائے کرام نے بڑی پیاری حکمت لکھی، فرماتے ہیں: اِس لیے تا کہ یہ سُتُون کے ساتھ بندھے ہوں، پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو اُٹھتے بیٹھتے، آتے جاتے، دیکھتے رہیں، دِیدار کے جام پیتے رہیں اور اِن کا دِل روشن ہو

---

1 ... بخاری، کتاب المغازی، باب وفد بنی حنیفۃ...الخ، صفحہ:1086، حدیث:4372 ملخصاً۔

جائے۔[1] چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

ثُمامہ کو مسجِد میں سُتُون کے ساتھ باندھ دیا گیا۔ محبوبِ ذیشان، مکی مَدَنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم تشریف لائے، فرمایا: ثُمامہ کیا حال ہے؟ تم اپنے مُتَعَلِّق کیا گمان رکھتے ہو؟ **ثُمامہ بولا:** میرا خیال تو اچھا ہی ہے، اگر آپ مجھے قتل کریں تو ایک خُونی کو قتل کریں گے (یعنی میرا بدلہ لیا جائے گا)، اگر چھوڑ دیں تو شُکر گزار رہوں گا، اگر مال چاہتے ہیں تو بتایئے! میں مال حاضِر کر دُوں گا۔

بس اتنی ہی گفتگو ہوئی، پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے کچھ نہ کہا اور تشریف لے گئے ❁ اَگلے دِن پھر فرمایا: ثُمامہ کیا حال ہے؟ تم اپنے مُتَعَلِّق کیا گمان رکھتے ہو؟ ثُمامہ نے پھر وہی جواب دیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم آج بھی خاموش رہے ❁ تیسرے دِن پھر یہی واقعہ ہوا، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم تشریف لائے، پوچھا: ثُمامہ کیا حال ہے؟ ثُمامہ نے آج بھی وہی جواب دیا، بولا: میرا خیال اچھا ہی ہے، اگر قتل کریں گے تو میرا بدلہ لیا جائے گا، چھوڑ دیں گے تو شُکر گزار رہوں گا، مال چاہیے ہو تو مال دے دُوں گا۔

اب 3 دِن ہو چکے تھے، 3 دِن سے ثُمامہ پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے دِیدار کا جام پی رہے تھے، پیاری پیاری دِل کَش ادائیں دیکھ رہے تھے، اب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ عَنہم کو حکم دیا: **ثُمامہ کو آزاد کر دو...!!**

اَللّٰہُ اکبر! 3 دِن تک ادائیں دِکھائیں، اپنی محبّت کا قیدی بنا لیا، اب فرماتے ہیں: اسے آزاد کر دو! اب بھلا آزاد ہو کے کہاں جائیں گے...؟

---

1 ...مراٰۃ المناجیح، جلد:5، صفحہ:533۔

خیر! صحابۂ کرام رَضِیَ اللہُ عنہم نے حکمِ شاہی پر عَمَل کیا، ثُمامہ کی رسّیاں کھول دِیں، ثُمامہ مسجد سے نکلے، قریب ہی ایک باغ تھا، وہاں گئے، کنویں پر غسل کیا اور نَہا دھو کر واپس مسجد میں آئے اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے۔[1]

گِر کے قدموں پر وہ قرباں ہو گیا | پڑھ لیا کلمہ مسلماں ہو گیا

کچھ دیر پہلے تک جو اِسلام کا سخت دُشمن تھا، اب وہی ثُمامہ صِرف ثُمامہ نہیں بلکہ حضرت ثُمامہ رَضِیَ اللہُ عنہ ہو چکے تھے یعنی اب درجۂ صحابیت پر فائِز ہو کر دُنیا بھر کے تمام اَوْلیائے کرام سے اُونچا رُتبہ پا چکے تھے۔ اب حضرت ثُمامہ رَضِیَ اللہُ عنہ نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

یَا مُحَمَّدُ! وَاللہِ مَا کَانَ عَلَی الْاَرْضِ وَجْہٌ اَبْغَضُ اِلَیَّ مِنْ وَجْھِكَ فَقَدْ اَصْبَحَ وَجْھُكَ اَحَبُّ الْوُجُوْہِ اِلَیَّ

**ترجمہ:** یعنی یارسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! خُدا کی قسم! مجھے آپ کے چہرے سے زیادہ کسی چہرے سے نفرت نہیں تھی، آج سب سے مَحْبُوب چہرہ آپ ہی کا ہے۔

وَاللہِ مَا کَانَ مِنْ دِیْنٍ اَبْغَضُ اِلَیَّ مِنْ دِیْنِكَ فَاَصْبَحَ دِیْنُكَ اَحَبُّ الدِّیْنِ اِلَیَّ

**ترجمہ:** خُدا کی قسم! مجھے سب سے زیادہ آپ کے دِین سے نفرت تھی، اب یہی دِین سب سے زیادہ مَحْبُوب ہے۔

وَاللہِ مَا کَانَ مِنْ بَلَدٍ اَبْغَضُ اِلَیَّ مِنْ بَلَدِكَ فَاَصْبَحَ بَلَدُكَ اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَیَّ[2]

**ترجمہ:** خُدا کی قسم! آپ کے شہر سے زیادہ کسی شہر سے نفرت نہیں تھی، اب یہی شہر سب

---

1 ... بخاری، کتاب المغازی، باب وفد بنی حنیفۃ...الخ، صفحہ: 1086، حدیث: 4372 ملخصاً۔

2 ... بخاری، کتاب المغازی، باب وفد بنی حنیفۃ...الخ، صفحہ: 1086، حدیث: 4372۔

شہروں سے بڑھ کر محبوب ہو گیا ہے۔

اُن کے جلووں میں ہیں وہ دلچسپیاں | جو وہاں پہنچا، وہیں کا ہو گیا(1)

## دِل مُنَوَّر ہو گئے

**پیارے اسلامی بھائیو!** رسولِ اکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے اَخْلاق، آپ کی عادات، آپ کے مبارَک انداز کیسے پیارے، کیسے نِرالے، کیسے دِل نشین تھے، حضرت ثُمامَہ بن اُثَال رَضِیَ اللّٰہُ عنہ نے صِرْف آپ کی ادائیں دیکھیں، 3 دِن تک اَخْلاقِ کریمہ کو محض دُور کھڑے دیکھتے ہی رہے، اِسی کا اتنا اَثَر ہوا کہ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے۔

کیا کشش تھی سرورِ عالَم کے حُسْنِ پاک میں
سینکڑوں کُفّار کو دَم میں مسلماں کر دیا
ہو گئی کافُور ظلمت، دِل مُنَوَّر ہو گئے
جس طرف بھی اُس نے اپنا رُوئے تاباں کر دیا(2)

**الفاظ معانی:** **ظُلمت کافُور ہونا:** اندھیرا مٹ جانا۔ **رُوئے تاباں:** روشن، چمکدار، نُور برساتا چہرہ۔

## ہر ادا دَلیلِ خَتْمِ نبوت

**پیارے اسلامی بھائیو!** یہاں ایک بڑی خوبصورت اور ایمان افروز نکتے کی بات ہے، مُسَیْلِمَہ کَذّاب جو نبوت کا جھوٹا دعویدار تھا، اُس نے پیارے محبوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی ظاہِری زندگی مبارَک ہی میں نبوت کا جھوٹا دعویٰ کر دیا تھا۔ یہ کَذّاب بھی **یَمَامَہ** کا رہنے

---

1 ... ذوقِ نعت، صفحہ: 35۔

2 ... قبالۂ بخشش، صفحہ: 19۔

والا تھا۔ حضرت ثُمامہ رَضِیَ اللّٰہُ عنہ مسلمان ہونے سے پہلے مُسَیْلِمَہ کذّاب کی طرف مائل تھے، اُسے نبی مانتے تھے، ایک مرتبہ اُس کے قاصِد بن کر مدینے بھی آئے تھے۔

اب یہاں کمال دیکھیے! حضرت ثُمامہ رَضِیَ اللّٰہُ عنہ نے جب تک دیکھا نہیں تھا، تب تک مُسَیْلِمَہ کذّاب کو نبی مانے بیٹھے تھے، جب پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی پیاری ادائیں دیکھیں، قریب سے دِیدارِ پاک کا شرف پایا تو کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے۔

اِس سے پتا چلتا ہے: پیارے نبی، آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کا چہرۂ پاک، حُسْنِ مقدّس اور پیاری پیاری ادائیں خُود آپ کی شانِ خَتْمِ نبوت کی دلیل تھیں، جب حضرت ثُمامہ رَضِیَ اللّٰہُ عنہ نے یہ ادائیں دیکھیں تو سمجھ گئے کہ مُسَیْلِمَہ کذّاب بدبخت جھوٹا ہے، خَتْمِ نبوت کا تاج تو اِن پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے سرِ پاک پر سج چکا ہے۔

تری صُورت، تری سیرت زمانے سے نِرالی | تری ہر ہر ادا پیارے دلیلِ بے مثالی ہے[1]

**وضاحت:** یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم! آپ کی صُورتِ پاک، سیرتِ پاک سب سے نِرالی ہے، آپ کی ہر ہر ادا خُود اِس بات کی دلیل ہے کہ آپ بے مِثْل و بے مثال ہیں۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## دُنیا جگمگانے آئے

**پیارے اسلامی بھائیو!** ہمارے آقا و مولیٰ، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم مُبَلِّغِ اعظم ہیں، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم وہاں نبی بن کر تشریف لائے، جہاں صدیوں سے کوئی نبی تشریف لائے ہی نہیں تھے۔ کمال یہ ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے پَسْتی کے

1 ...ذوقِ نعت، صفحہ: 230۔

گڑھے میں گری ہوئی قوم کو سنْوار کر زمانے کا امام بنا دیا۔ اللہ پاک فرماتا ہے:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ بَعَثَ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُزَكِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَۚ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۶۴﴾ (پارہ:4، سورۂ آلِ عمران:164)

ترجمۂ کنزُ العِرفان: بیشک اللہ نے ایمان والوں پر بڑا اِحسان فرمایا جب اُن میں ایک رسول مَبْعُوث فرمایا جو اُنہی میں سے ہے۔ وہ اُن کے سامنے اللہ کی آیتیں تلاوت فرماتا ہے اور اُنہیں پاک کرتا ہے اور اُنہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اگرچہ یہ لوگ اِس سے پہلے یقیناً کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے تھے۔

یہ آیتِ کریمہ ہم نے پہلے بھی کئی بار سُنی ہو گی، میں جس طرف تَوَجُّہ دِلانا چاہتا ہوں، وہ اس آیتِ کریمہ کا آخری حصّہ ہے، فرمایا:

وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۶۴﴾ (پارہ:4، سورۂ آلِ عمران:164)

ترجمۂ کنزُ العِرفان: اگرچہ یہ لوگ اِس سے پہلے یقیناً کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے تھے۔

یعنی حُضُورِ اکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی تشریف آوری سے پہلے پُوری دُنیا خصوصاً اَہْلِ عرب ❁ عقائد ❁ اَعْمال ❁ اَخلاق و کردار وغیرہ ہر طرح کی گمراہیوں میں مُبْتَلا تھے۔

اَللہُ اَکبر! وہ قوم جو ہر طرح سے پستیوں کا شکار تھی، دُنیا میں اندھیرا ہی اندھیرا چھایا ہوا تھا ❁ شرک عام تھا ❁ تَوحِید کے سب سے بڑے مرکز یعنی کعبہ شریف کو بھی شِرک کی گندگی سے آلودہ کیا جا چکا تھا ❁ زندہ انسانوں کو کاٹ کر پتھروں کے آگے چڑھاوے چڑھائے جاتے

تھے ۞ جانور بھی اپنی اَولاد کی حفاظت کرتے ہیں مگر اُس دور کا انسان اتنا سخت دِل تھا کہ اپنی ہی بیٹیوں کو لوگ زندہ دفن کر دیتے تھے ۞ ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی عزّتیں نیلام ہو رہی تھیں ۞ والِد فوت ہوتا تو بیٹے اپنی ماں کو بھی وراثت کا مال سمجھ لیتے، ماؤں کو بطور غُلام بیچ دیا جاتا یا اپنی ہی بیوی بنا کر رکھ لیا جاتا تھا ۞ بدکاری عام تھی ۞ شراب، جُوا، چوری چکاری، لوٹ مار کی کثرت تھی ۞ چھوٹی چھوٹی باتوں پر کبھی لڑائی چِھڑتی تو سالوں سال تک جنگ جاری رہتی تھی ۞ ایک ذراسی بات پر سینکڑوں بلکہ ہزاروں لوگوں کو قتل کر دیا جاتا تھا ۞ بعض مُعَاشروں میں یہ رَسْم بھی تھی کہ بادشاہ مرتا تو اُس کی لاش کو بڑی غار میں رکھتے، ساتھ لذیز کھانے رکھتے اور کئی ایک زندہ غُلاموں اور کنیزوں کو بھی غار میں چھوڑ کر غار کا دروازہ بند کر دیا کرتے تھے۔

آپ اندازہ کیجیے کہ اُن زندہ غُلاموں کا جب دَم گھٹتا ہو گا، بھوک پیاس سے تڑپتے ہوں گے تو اُن پر کیا گزرتی ہو گی مگر افسوس! دُنیا ظُلْم و سِتَم کے اندھیروں میں گِھر چکی تھی، احساسات مَر چکے تھے۔

پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی شان دیکھیے! آپ نے ایسی قوم کو اپنی پُرنُور ادائیں دکھا کر، پیارے پیارے اَخْلاق سے گرویدہ بنا کر اُنہیں عالِم بھی بنا دیا ۞ باطِن سَنْوار کر دِل روشن بھی کر دیئے! ۞ اُنہیں کتاب بھی سکھائی ۞ حکمت بھی سکھائی ۞ اور اِسی چاروں طرف سے پستیوں میں گِھری ہوئی قوم کو قیامت تک آنے والوں کا امام اور پیشوا بنا دیا۔

وہ دانائے سُبُل، خَتْمِ رُسُل مولائے کُل جس نے
غُبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا (1)

**وضاحت:** دانائے سُبُل: یعنی ہادِی، راستوں کو جاننے والا۔ خَتْمِ رُسُل: یعنی سب سے آخری

---

1 ...کلیاتِ اقبال، بالِ جبریل، صفحہ: 363۔

نبی، **مولائے کُل**:سب کے آقا،سب کے مولا جنہوں نے غُبارِ راہ کو رَشکِ طُور بنادیا۔

## اندھے شیشوں میں چمکا ہمارا نبی

اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کتنی پیاری بات لکھتے ہیں:

سب چمک والے اُجلوں میں چمکا کیے | اندھے شیشوں میں چمکا ہمارا نبی[1]

اس شعر کو ذرا تَوَجُّہ سے سمجھیے! اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ نے بڑی گہری بات کہی ہے: مثال کے طور پر ایک آئینہ ہے، اُس پر گرد پڑ گئی، سال دو سال گُزر گئے، اُس آئینے پر گرد یونہی پڑی رہی، جَم گئی، وہ آئینہ بہت میلا کُچیلا ہو جائے گا لیکن اب بھی وہ آئینہ ایسا ہے کہ اُس کو صاف کریں گے، گیلا کپڑا لگائیں گے، اچھے طریقے سے اُس کی صفائی کریں گے تو وہ پھر پہلے کی طرح چمک جائے گا۔ دوسری طرف ایک آئینہ ہے، اُس کے پیچھے سے رنگ اُتر گیا، اُس پر زنگ چڑھ گیا، اب اُس کو جتنا مرضی رگڑیں، جتنا مرضی صاف کریں، وہ پہلے جیسا چمکدار نہیں ہو گا۔

اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ فرما رہے ہیں: پہلے جو انبیائے کرام علیہمُ السّلام تشریف لائے، وہ جن کی طرف بھیجے گئے، وہ پہلے سے چمک والے تھے، دیکھیے! ❁ حضرت موسیٰ علیہ السّلام بنی اسرائیل کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے، بنی اسرائیل نبیوں کی اَوْلاد تھے، اللہ پاک پر بھی ایمان رکھتے تھے، نبیوں کو بھی مانتے تھے ❁ حضرت یوشع علیہ السّلام بنی اسرائیل کے نبی ہیں ❁ حضرت داوٗد علیہ السّلام بنی اسرائیل کے نبی ہیں ❁ حضرت سلیمان علیہ السّلام بنی اسرائیل کے نبی ہیں ❁ حضرت زکریا علیہ السّلام ❁ حضرت یحییٰ علیہ السّلام بنی اسرائیل کے نبی ہیں ❁ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام بھی بنی اسرائیل کے نبی ہیں، یہ لوگ نبیوں کی اَوْلاد تھے، اللہ پاک

---

[1]...حدائقِ بخشش، صفحہ:140۔

پر بھی ایمان رکھتے تھے، قیامت کو بھی مانتے تھے، اللہ پاک کی کتابوں کو بھی مانتے تھے، نبوت پر بھی ایمان رکھتے تھے، بس گُناہوں کی وجہ سے اُن کے دِلوں پر گرد پڑی ہوئی تھی، انبیائے کرام علیہمُ السَّلام نے بڑی محنت کے ساتھ، اِنتہائی مہارت کے ساتھ اُن کے دِلوں سے گرد ہٹائی، اُن کے چمکدار مگر گرد آلود دِلوں کو پھر سے چمکا دیا، یقیناً انہوں نے بڑا کمال دکھایا، مگر آمنہ کے لال، رسولِ بے مثال صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی شان ہی نِرالی ہے، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو اُس قوم میں نبی بنا کر بھیجا گیا، جن کے پاس 4 ہزار سال سے کوئی نبی آیا ہی نہیں تھا، عرب میں حضرت اسماعیل علیہ السَّلام نبی ہوئے، اُن کے بعد کوئی نبی علیہ السَّلام اَہْلِ عرب کی اِصْلاح کے لیے تشریف نہ لائے، اب اِس قوم کی حالت نہایت اَبتَر ہو چکی تھی، یہ اللہ پاک کی تَوحِید کو بھی نہیں مانتے تھے، نبیوں پر بھی ایمان نہیں رکھتے تھے، آخرت کو بھی تسلیم نہیں کرتے تھے، یہ جانتے ہی نہ تھے کہ نبوت کیا ہوتی ہے؟ اِن کے دِل گرد آلُود نہیں تھے بلکہ زَنگ لگے ہوئے اندھے شیشے کی طرح ہو گئے تھے۔ پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے اپنے بے مثال کردار کے ذریعے اِن اندھے شیشوں کو چمکا کر زمانے کا امام بنا دیا ہے۔

کھلی اسلام کی آنکھیں، ہوا سارا جہاں روشن
عرب کے چاند صدقے! کیا ہی کہنا تیری طلعت کا

## نیکی کی دعوت میں مشکلات

**پیارے اسلامی بھائیو!** اِن **اندھے شیشوں** یعنی بالکل مُردَہ ہوئے پڑے دِلوں کو سیدھے رستے پر لانا آسان کام نہیں تھا، ان کی حالت یہ تھی کہ پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی بات تک سُننے کو تیار نہیں ہوتے تھے ❁ قرآنِ پاک کی آواز سُن کر

کانوں میں انگلیاں ڈال لیا کرتے تھے ﷺ حج کا موسَم آتا، لوگ دُور دُور سے مکّہ پاک کی طرف آنے لگتے تو مکّہ پاک کے راستوں پر باقاعِدہ افراد بٹھائے جاتے، جن کا بس یہی کام ہوتا تھا کہ ہر آنے والے کو روکتے، اسے کہتے: دیکھو...!! مکّہ پاک میں ایک جادُوگر ہے، جو اُس کی بات سُن لے، اُس کا ہو جاتا ہے، وہ بیٹوں کو باپ سے، شوہر کو بیوی سے جُدا کر دیتا ہے، لہٰذا اُس کی بات مت سُننا۔

## جب کانوں میں قرآن کی آواز پڑی

**طفیل بن عَمْرو دَوسی** عرب کے مشہور شاعِر اور بڑے عقلمند تھے، ایک مرتبہ آپ مکّہ پاک آئے، کفّارِ مکّہ نے کہا: خبردار...!! مُحَمَّد (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم) سے نہ ملنا، ہر گز اُن کی بات نہ سننا، اُن کے کلام میں جادُو ہے، جو سُن لیتا ہے، بَس اُنہی کا ہو جاتا ہے۔

یہ باتیں سُن کر جنابِ طفیل دھوکے میں آ گئے، اُنہوں نے اپنے کانوں میں رُوئی بھر لی کہ کہیں قرآن کی آواز کانوں میں نہ پڑ جائے۔ مگر اَلحمدُ لِلّٰہ! اُن کی قسمت کا ستارا چمک رہا تھا، ایک دِن صبح کا وقت تھا، یہ حرمِ کعبہ میں پہنچے، دیکھا رسولِ ذیشان، مکی مَدَنی سلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نمازِ فجر میں اُونچی آواز سے تِلاوت فرما رہے ہیں۔

**اللہُ اکبر!** قرآنِ کریم جیسا پیارا پیارا کلام اور مَحْبُوب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی نرالی زبان...!! قرآن تو ویسے ہی دِلوں کو روشن کر دیتا ہے، جب پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی زَبانِ پاک سے پڑھا جائے، پھر اُس کی تاثیر کیسی ہو گی۔ جنابِ طفیل کے کان میں جب قرآنِ پاک کی آواز گئی تو اچانک سے سکتے میں آ گئے، یعنی حیرانی سے ٹھہر گئے، ایک ایک لفظ تاثیر کا تِیر بن کر اُن کے دِل میں اُترتا چلا گیا اور یہ کھڑے سُنتے رہے۔ جب

پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نماز سے فارِغ ہوئے، گھر مبارَک کی طرف چلے تو جنابِ طفیل بھی بے تاب ہو کر پیچھے پیچھے ہو لیے، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی خِدْمت میں عرض کیا: حُضُور...!! **مجھے کلمہ پڑھا کر اپنا غُلام بنا لیجیے!**[1]

| | |
|---|---|
| اے ماہِ عرب! مِہرِ عجم! میں ترے صدقے | ظُلمت نے مِرے دن کو شبِ تار بنایا |
| لِلّٰہ! کرم میرے بھی ویرانۂ دل پر | صِحرا کو ترے حُسن نے گلزار بنایا[2] |

## بہت شِدَّت والی آیتِ کریمہ

صحابیٔ رسول حضرت عبد اللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ عنہ فرماتے ہیں: محبوبِ ذیشان، مکی مَدَنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی خِدْمت میں سُوال ہوا: یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! قرآنِ کریم کی کونسی آیت آپ پر بہت شِدَّت والی تھی...؟ فرمایا: ایک مرتبہ حَجّ کا موسم تھا، عرب کے مشرکین مکّہ میں جمع تھے، میں مِنیٰ میں موجود تھا۔ اُس وقت حضرت جبریلِ امین علیہ السَّلام آئے اور یہ آیت اُتری:

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ (پارہ:6، سورۂ مَائِدہ:67) | تَرجمۂ کنزُالعِرفان: اے رسول! جو کچھ آپ کی طرف آپ کے ربّ کی جَانِب سے نَازِل کیا گیا اُس کی تَبْلِیْغ فرمادیں۔ |

پس یہ حُکْمِ اِلٰہی سُن کر میں کھڑا ہو گیا، میں نے لوگوں کو پُکار کر کہا: اے لوگو...!! میں تمہاری طرف اللہ پاک کا رسول ہوں، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہو! اور نَجات پا جاؤ...!! اگر تم یہ کرو تو

1 ...اسد الغابہ، جلد:3، صفحہ:77 ملخصاً۔
2 ...ذوقِ نعت، صفحہ:49۔

تمہارے لیے جنّت ہے۔

بس یہ سُننا تھا کہ کیا بچے، کیا جوان، کیا خواتین، سب مجھ پر جھپٹ پڑے، کسی نے مجھ پر مٹّی ڈالی اور کوئی پتھر مارنا شروع ہو گیا۔ اِسی دوران کسی نے مجھے کہا: اے مُحَمَّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! اگر آپ نبی ہیں تو اِن کے خِلاف ایسے ہی ہلاکت کی دُعا فرمایئے! جیسے حضرت نُوح علیہ السّلام نے کی تھی۔

اللہ! اللہ! محبوبِ ذیشان، مکی مَدَنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی رحمت و مہربانی کا عالَم دیکھئے! کوئی پتھر بَرسا رہا ہے، کوئی مٹّی ڈال رہا ہے، لوگ مَعَاذَ اللّٰہ! گُستاخی بھرے جملے کَس رہے ہیں، اس عالَم میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے دُعا کی، کہا: اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِی فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ اے اللہ پاک! میری قوم کو ہِدایت عطا فرما، بیشک یہ جانتے نہیں ہیں۔[1]

سلام اُس پر کہ اَسرارِ محبّت جس نے سمجھائے
سلام اُس پر کہ جس نے زَخم کھا کر پُھول برسائے
سلام اُس پر کہ جس نے خُوں کے پیاسوں کو قبَائیں دِیں
سلام اُس پر کہ جس نے گالیاں سُن کر دُعائیں دِیں

## کفّار کے نَرغے میں

مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ مشکل کشا عَلِیُّ المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ عنہ فرماتے ہیں: کافروں نے ایک بار دوجہاں کے تاجدار، نبیوں کے سردار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو گھیر لیا، اُنہوں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم پر ظُلم کرنا شروع کر دیا اور کہتے جاتے تھے کہ تم ہی وہ شخص ہو جو صِرف ایک خُدا کی عبادت کا حکم دیتے ہو۔ حضرت علیُّ الْمُرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ عنہ (جو کہ اُن

1 ... تفسیر درمنثور، پارہ:6، سورۂ مائدہ، زیرِ آیت:67، جلد:3، صفحہ:117۔

دنوں کم عمر تھے) فرماتے ہیں: اتنے میں حضرت ابو بکر صِدّیق رَضِیَ اللہُ عنہ مردانہ وار آگے بڑھے اور کُفّار کو مارتے، پیٹتے، گراتے، ہٹاتے پیارے آقا، مکی مَدَنی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم تک جاپہنچے اور نبی پاک صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کو اُن ظالموں کے نَرغے سے نکال لیا۔ اُس وقت حضرت صِدّیقِ اکبر رَضِیَ اللہُ عنہ کی مبارَک زَبان پر پارہ 24 سورۃُ المُؤمِن کی آیت نمبر 28 جاری تھی:[1]

اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ یَّقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰهُ (پارہ:24، سورۂ مؤمن:28)

تَرجَمۂ کنزُالعِرفان: کیا تم ایک مرد کو اِس بنا (وجہ) پر قتل کرنا چاہ رہے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا ربّ اللہ ہے۔

## چادر کا پھندا

ایک مرتبہ مکّے کے کفّار کعبہ شریف کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے اور پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم (مقامِ ابراہیم کے قریب) نماز پڑھ رہے تھے۔ عُقبہ بن اَبی مُعِیط نامی کافر نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی گردن مبارَک میں چادر کا پھندا ڈال کر سختی کے ساتھ مُبارَک گلا گھونٹنا شروع کیا۔ حضرت ابو بکر صِدّیق رَضِیَ اللہُ عنہ دوڑے آئے اور اُسے (یعنی عُقبہ بن ابی مُعِیط کو) پیچھے ہٹایا۔[2]

حَرم کی سرزمیں پر آپ پڑھتے تھے نَماز اکثر
ہمیشہ اُس گھڑی کی تاک میں رہتے تھے بدگوہر

1 ...المواہب اللدنیہ مع شرح الزرقانی، المقصد الاوّل، ذکر اول من امن... الخ، جلد: 1 صفحہ: 470 بتصرف۔
2 ...المواہب اللدنیہ مع شرح الزرقانی، المقصد الاوّل، ذکر اول من امن... الخ، جلد: 1 صفحہ: 469۔

کوئی آقا کی گردن گھونٹتا تھا کَس کے چادر میں
کوئی بدبخت پتّھر مارتا تھا آپ کے سر میں

## کام جو اُن سے ہوا پُورا ہوا

**پیارے اسلامی بھائیو!** اَندازہ لگایئے! جو لوگ بات سُننے کی بجائے، اُلٹا ظُلم و ستم کے پہاڑ توڑ رہے ہوں، ایسوں کو سمجھانا، سیدھے رستے پر لانا کتنا مشکل تَرین کام ہو گا۔ مگر قربان جایئے! محبوبِ ذیشان، مکی مَدَنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی شان ہی نِرالی ہے۔ مولانا حسن رضا خان صاحِب رحمۃُ اللہِ علیہ لکھتے ہیں نا:

کام جو اُن سے ہُوا پُورا ہوا | اُن کی جو تَدبِیر ہے، تقدیر ہے[1]

**وضاحت:** یعنی محبوبِ ذیشان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم جو کام بھی کرتے ہیں، پُورا ہی کرتے ہیں، آپ کی تَجْوِیز، ترکیب اور کام کا انداز مبارَک تَقْدِیر کے عین مُطَابِق ہوتا ہے بلکہ حق یہ ہے کہ جو مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم فرمادیں، وہی تقدیر بن جاتی ہے۔

قوم کی حالت اگرچہ بالکل بے حال تھی، پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے ❁کسی کو معجزات دِکھا کر ❁کسی کو قرآن سکھا کر ❁کسی کو اپنی پیاری پیاری اداؤں کا گرویدہ بنا کر ❁کسی کو حُسنِ اَخلاق کا جلوہ دکھا کر اپنا بنایا اور ہدایتوں کی معراج تک پہنچا دیا۔

## نیکی کی دعوت دینا سُنّتِ انبیا ہے

**پیارے اسلامی بھائیو!** ہمارے پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے مشکلات اُٹھا کر بھی نیکی کی دعوت کو عام فرمایا، ہمیں بھی نیکی کی دعوت دینی چاہیے، یہ نیک

---

[1] ...ذوقِ نعت، صفحہ: 224۔

کام سُنّتِ مصطفےٰ بھی ہے، سُنّتِ انبیا علیہمُ السَّلام بھی ہے، حضرت آدم علیہ السَّلام سے لے کر سب سے آخری نبی، مُحَمَّد عربی صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم تک جتنے نبی تشریف لائے، سب کی آمد کا اَصْل مقصد **نیکی کی دعوت** عام کرنا ہی تھا۔

## بہترین آدمی کی نشانیاں

**حدیثِ پاک میں ہے:** کسی نے حُضُورِ انور، مکے مدینے کے تاجوَر صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم سے پوچھا: بہترین بندہ کون ہے؟ فرمایا: اللہ پاک سے ڈرنے والا، صلہ رحمی (یعنی رشتے داروں کے ساتھ اچھا سلوک) کرنے والا، **اچھی باتیں بتانے اور بُرائیوں سے روکنے والا۔** [1]

## اللہ ورسول کا خلیفہ کون...؟

امام حَسَن بَصرِی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: جو اچھی باتوں کا حکم دے، بُرائیوں سے روکے، وہ اللہ پاک کا بھی خلیفہ ہے، اُس کے رسول (صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم) کا بھی اور اُس کی کتاب (یعنی قرآنِ کریم) کا بھی خلیفہ ہے۔ [2]

## نیکی کی دَعْوَت چھوڑ دینے کے نقصانات

**پیارے اسلامی بھائیو!** جیسے نیکی کی دَعْوَت دینا بہترین عبادت ہے، ایسے ہی یہ دِینی کام چھوڑ دینا بد تَرِین جُرْم ہے۔ **روایت میں ہے:** اگر مسلمانوں نے تبلیغ چھوڑ دی تو اُن پر ظالِم بادشاہ مُسَلَّط ہوں گے اور اُن کی دُعائیں قبول نہ ہوں گی۔ [3]

**اَللّٰہُ اکبر...!!** اللہ پاک ہمارے حال پر رحم فرمائے۔ ہم سب کو نیکی کی دعوت عام

---

1 ...شُعب الایمان، باب فی صلۃ الارحام، جلد:6، صفحہ:220، حدیث:7950۔
2 ... تفسیر روح المعانی، پارہ:4، سورۂ اٰل عمران، زیر آیت:104، جلد:4، صفحہ:326۔
3 ... تفسیر روح المعانی، پارہ:4، سورۂ اٰل عمران، زیر آیت:104، جلد:4، صفحہ:326 ملتقطاً۔

کرنے میں لگ جانا چاہیے۔

## یومِ دعوتِ اسلامی

**پیارے اسلامی بھائیو!** اَلْحَمْدُلِلّٰہ! آج کے اِس فتنوں بھرے دور میں عاشقانِ رسول کی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی دُنیا بھر میں نیکی کی دعوت عام کرنے والی تنظیم ہے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ! 2 ستمبر آنے والا ہے۔ ہر سال 2 ستمبر کو **یومِ دعوتِ اسلامی** دُھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| یومِ دعوتِ اسلامی کا جشن ہے گھر گھر | مصطفٰے کے دیوانے، کیوں نہ جھومیں خوش ہو کر |
| ہم کو دعوتِ اسلامی کا ہے دیا ماحول | تیرا شکر ادا کیوں کر ہو خُدائے بحر و بر! |
| آؤ دعوتِ اسلامی پلائے گی پیاسو! | اُلفت مُحمَّد کے خوب جام بھر بھر کر |
| جس کو دعوتِ اسلامی خُدا نے دی عطّارؔ | خوش نصیبی ہے اُس کی ہے بڑا وہ بختاور |

## دعوتِ اسلامی کب بنی

❁ شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ستمبر 1981ء میں **دعوتِ اسلامی** کا آغاز فرمایا ❁ آپ نے یہ مَدَنی مقصد اپنایا کہ **مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے** پھر اس مَدَنی مقصد کو لے کر آپ نے نہ دِن دیکھا نہ رات، مسلسل کوشش کرتے چلے گئے، کرتے چلے گئے، یہاں تک کہ اللہ پاک کے کرم اور اُس کے پیارے حبیب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی نَظرِ عِنایت سے، اولیائے کرام کے فیضان سے دعوتِ اسلامی کا دِینی پیغام دُنیا بھر میں عام ہو گیا۔

اَلْحَمْدُلِلّٰہ! امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی مسلسل کوششوں سے ❁ جو بے نمازی تھے

نمازی بنے بلکہ مسجدوں کے امام بن گئے ❁ بد نگاہی کرنے والے حیادار بنے ❁ ماں باپ کو ستانے والے بااَدب ہو گئے ❁ چور اور ڈاکو آئے، تائِب ہوئے، چوری، ڈکیتی چھوڑ کر مُعاشَرے کے شریف انسان بن گئے ❁ حَسَد کی آگ میں جلنے والے شکر گزار اور خیر خواہ ہو گئے ❁ فلموں اور گانوں کے شوقین نعتِ مصطفےٰ پڑھنے سننے والے بن گئے ❁ دُنیا کے گندے گناہوں بھرے عشق کے متوالے، پیارے مصطفےٰ، مکی مَدَنی آقا صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم کی زُلفوں کے دیوانے ہو گئے ❁ مال و دولت کے پیچھے بھاگنے والے رِضائے اِلٰہی کے طلب گار ہو گئے ❁ شرابی آئے، توبہ کر کے پاکیزہ انسان بنے ❁ غافِل آئے، عبادت گزار بن گئے ❁ بھٹکے ہوؤں کو سیدھا راستہ مل گیا ❁ ہزاروں کافِروں کو اسلام کی نعمت نصیب ہوئی۔ یُوں ایک ایک دو دو آتے گئے، نیکی کی دعوت کے اس سفر میں آپ کے ساتھ ملتے گئے، کارواں بنتا چلا گیا اور الحمد للہ! نیکی کی دعوت کا یہ دینی پیغام دُنیا بھر میں پہنچ گیا۔

اے امیرِ اہلسنت تیری شوکت زندہ باد | تجھ سے دُنیا بھر میں ہے دِیں کی اشاعت زندہ باد
تیری مجلس میں گئے جو بن گئے صالح سعید | نوجواں پر ہو ترا فیضانِ صحبت زندہ باد
گوشہ گوشہ دنیا کا ہونے لگا ہے فیض یاب | عام ہر سُو ہو گیا فیضانِ سُنَّت زندہ باد[1]

## دعوتِ اسلامی کے شعبہ جات

**پیارے اسلامی بھائیو!** آپ کی اپنی دینی تنظیم دعوتِ اسلامی، اس وقت 80 سے زائد شعبہ جات میں دین کی خدمت کرنے میں مصروف ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰه! ❁ کنز المدارس بورڈ کے نام سے دعوتِ اسلامی کا اپنا تعلیمی بورڈ ہے ❁ ہزاروں جامعات و مدارسُ المدینہ (بوائز اینڈ

---

1 ... مناقب عطار، صفحہ: 15-16 ملتقطاً۔

گرلز) قائم ہیں، جن میں لاکھوں لاکھ اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں حفظ وناظرہ، عالِم کورس (درسِ نظامی)، مختلف تَخَصُّصات (*Specialization*)، فرائض علوم کورسز کر رہے ہیں❀ فیضان آن لائن اکیڈمی میں بھی ہزاروں طلبہ وطالبات دینی تعلیم حاصل کر رہے ہیں❀ کئی ایک **دار الافتاء اہلسنت** قائم کئے جاچکے ہیں❀ **المدینۃُ العلمیہ** (اسلامِک ریسرچ سنٹر) کے ذریعے دینی لٹریچر پر تحقیقی کام انجام دیا جارہا ہے❀ دینی لٹریچر کی اشاعت کے لئے دعوتِ اسلامی نے اپنا اشاعتی ادارہ **مکتبۃُ المدینہ** قائم کیا ہے❀ دنیا بھر میں دینی کاموں کی دھوم مچانے کے لیے دعوتِ اسلامی کا پُورا تنظیمی سیٹ اپ ہے، ذیلی حلقے سے لے کر مرکزی مجلسِ شُوریٰ تک پُورا ایک نظام قائم ہے، شہر شہر، گاؤں گاؤں ذِمّہ داران موجود ہیں❀ عاشقانِ رسول کی تربیت کر کے انہیں دینی کاموں کے لئے ملک وبیرونِ ملک بھیجا جاتا ہے، انہیں باقاعدہ تنخواہیں دی جاتی ہیں اور وہ فارِغُ الْبال (یعنی کمانے سے بے پروا) ہو کر دِین کی خدمت کرتے ہیں❀ میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر بھی خدمتِ دین کا سلسلہ جاری ہے❀ پرنٹ میڈیا (میں بہت سی کتب و رسائل کے ساتھ ساتھ ماہنامہ فیضانِ مدینہ کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہے جو کہ اس وقت دُنیا کی 7 بڑی زبانوں میں شائع ہونے والا کثیر الاشاعت ماہنامہ ہے)❀ سوشل میڈیا (مثلاً، یوٹیوب (*Youtube*)، فیس بک (*Facebook*)، انسٹاگرام (*Instagram*) وغیرہا) پر تقریباً 100 اکاؤنٹس ہیں، جن پر فالورز (*Followers*) کی تعداد ملینز (*Millions*) میں جبکہ ویوز کی تعداد بلینز (*Billions*) میں ہے❀ اس کے علاوہ مدنی چینل اردو، انگلش، بنگلہ، کِڈز مدنی چینل، بزرگوں کا مدنی چینل اور عربی ویب چینل کے ذریعے دینِ اسلام کی خدمت کی جارہی ہے❀ آئی ٹی کے شعبہ کی طرف سے اب تک **کئی ایک موبائل ایپلی کیشن** اور **اسلامک ویب سائٹس** لانچ کی جاچکی ہیں❀ دنیا بھر میں مسلمانوں کی خیر خواہی کیلئے ایف.جی آر ایف کا شعبہ قائم ہے، جس کے تحت

اب تک ❁ **لاکھوں** پودے لگائے جاچکے ہیں ❁ تقریباً **لاکھوں لاکھ** افراد کی امداد کی جاچکی ہے ❁ **کئی ہزار** گھروں کی تعمیر کی جاچکی ہے ❁ **ہزاروں** خون کی بوتلیں عطیہ کی جاچکی ہیں۔

دعوتِ اسلامی کی قیُّوم، سارے جہاں میں مچ جائے دُھوم
اس پہ فِدا ہو بچہ بچہ یااللہ! مری جھولی بھر دے

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجیے!

**پیارے اسلامی بھائیو!** آپ بھی دین کے اس کام میں دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجیے! نیکی کی دعوت دینے کی عادَت بنایئے! ❁ ہفتہ وار اجتماع میں پابندی کے ساتھ شرکت کیا کیجیے! ❁ 12 دِینی کاموں میں خُوب بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا کیجیے! ❁ ایک بہت اَہَم دِینی کام: **قافلہ** ہے۔ اسے اگر ہم مضبوط تھام لیں تو اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! دُنیا، آخرت کی بہت بھلائیاں نصیب ہوں گی۔

❁ قافلے میں فرض عِلْمِ دِین سکھایا جاتا ہے ❁ سُنّتیں سکھائی جاتی ہیں ❁ تہجد پڑھنے کی سعادت ملتی ہے ❁ نیکی کی دعوت عام کرنے کا موقع ملتا ہے ❁ قافلے کی بَرَکت سے دُعائیں پُوری ہونے ❁ مشکلات ٹلنے ❁ بیماریوں سے شِفا ملنے کے بھی سینکڑوں واقعات ہیں ❁ ایسا بھی ہوا کہ قافلے میں سَفَر کرنے والے عاشقانِ رسول کی حوصلہ افزائی کے لیے پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے کرم فرمایا، خواب میں تشریف لائے اور شرکائے قافلہ کو دیدار کا جام پلا دیا۔

ہم قافلے میں سَفَر کریں، کیا معلوم ہم پر بھی کرم ہو جائے۔ کم از کم ہر ماہ 3 دِن کے

قافلے میں سَفَر کی نیّت کر لیجیے! آیئے! ترغیب کے لئے ایک مدنی بہار سنتے ہیں:

## باغ کا جھولا

حَیدَر آباد کے ایک محلہ میں عَلاقائی دَورہ کی دعوت سے مُتَاَثِّر ہو کر ایک ماڈَرن (*Modern*) نوجوان مسجِد میں آ گیا۔ بیان میں قافِلوں میں سفر کی ترغیب دلائی گئی تو اس نے قافلے میں سفر کرنے کیلئے نام لکھوادیا۔ ابھی قافلے میں اُس کی روانگی میں کچھ دن باقی تھے کہ قَضائے الٰہی سے اُس کا انتِقال ہو گیا۔ کسی اَہلِ خانہ نے مرحوم کو خواب میں اِس حالت میں دیکھا کہ وہ ایک ہریالے باغ میں نہایت خوش ہے اور جُھولا جھول رہا ہے۔ خواب دیکھنے والے نے پوچھا، یہاں کیسے آ گئے؟ اس نوجوان نے جواب دیا: دعوتِ اسلامی کے قافلے کے ساتھ آیا ہوں، اللہ پاک کا بڑا کرم ہوا ہے، میری ماں سے کہہ دینا کہ وہ میرا غم نہ کرے میں یہاں بہت سکون سے ہوں۔

لوٹنے رحمتیں قافلے میں چلو | سیکھنے سنتیں قافلے میں چلو
پاؤ گے بخششیں قافلے میں چلو | جنّتیں بھی ملیں، قافلے میں چلو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

آیئے! دعوتِ اسلامی کے ساتھ مِل کر پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّتوں کی دھوم مچاتے ہیں۔ اللہ پاک عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

میں مُبَلِّغ بنوں سُنّتوں کا خوب چرچا کروں سُنّتوں کا
یا خُدا! درس دوں سُنّتوں کا ہو کرم بہرِ خاکِ مدینہ

## یومِ دعوتِ اسلامی کا خصوصی شمارہ

**پیارے اسلامی بھائیو!** اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی جب سے شروع ہوئی ہے اللہ پاک کے اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے فضل و کرم سے بڑھتی ہی چلی جارہی ہے، اس مرتبہ دعوتِ اسلامی اپنا **44 واں یومِ تاسیس** منا رہی ہے، اس موقع پر شعبہ ماہنامہ فیضانِ مدینہ پیش کر رہا ہے خصوصی ماہنامہ فیضانِ مدینہ: **فیضانِ دعوتِ اسلامی**۔ جس میں آپ دعوتِ اسلامی کی اب تک کی کوششوں اور کامیابیوں کے مُتَعَلِّق جان سکیں گے اور اس کے علاوہ ❁ مسجد درس کی ضرورت و اہمیت اور اس سے حاصل ہونے والے فوائد ❁ قافلوں میں سفر کے فوائد و ثمرات ❁ دور حاضر کے پیش نظر ڈیجیٹل لائبریری کا نظام اور دعوت اسلامی کا اقدام ❁ دعوت اسلامی کے بین الاقوامی خدمات کے کچھ پہلو ❁ مَدَنی چینل نے بچوں، جوانوں اور بوڑھوں کو کیا دیا؟ اس کے علاوہ مزید بہت کچھ جان سکیں گے۔ یہ خصوصی شمارہ مکتبۃُ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے **50 روپے** میں قیمتاً طلب فرمائیں۔

## دارالافتاء اہلسنت ایپلی کیشن

**پیارے اسلامی بھائیو!** اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی عِلْمِ دین کا فیضان عام کرنے میں مَصْرُوف ہے، دعوتِ اسلامی کے *I.T* ڈیپارٹمنٹ نے ایک موبائل ایپلی کیشن جاری کی ہے، جس کا نام ہے: ***Darul Ifta Ahlesunnat*** (دارالافتاء اہلسنت)۔ اس ایپلی کیشن میں آپ کو ملیں گے: درجنوں مذہبی اور معاشرتی سوالات کے تحریری فتاویٰ ❁ عقائد کے مُتَعَلِّق احکام ❁ قرآن وحدیث کے مُتَعَلِّق احکام ❁ وضو، غسل اور ناپاکی کے احکام ❁ نماز

کے مُتَعَلِّق مسائل ❁ میّت کے مُتَعَلِّق مسائل ❁ مفتیانِ دعوتِ اسلامی کے اہم تربیتی اور معلوماتی ویڈیو کلپس اور بیانات ❁ معاشرتی اور مذہبی پہلوؤں پر راہنمائی کرتے مختلف آرٹیکلز(*Articles*) اور کتابیں ❁ مفتیانِ کرام کے مختلف علمی، تربیتی اور شرعی معلومات پر مبنی سلسلے ❁ تجارت کورس، فرض علوم کورس اور بہت کچھ۔ یہ ایپلی کیشن اپنے موبائل میں انسٹال کرلیجیے! خود بھی فائدہ اُٹھایئے اور دوسروں کو بھی ترغیب دلایئے۔

## چند ضروری اِعْلانات

**پیارے اسلامی بھائیو!** رَبِیْعُ الاوّل شریف کا مہینا جاری ہے۔ امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامَت بَرَکاتُہُمُ العالیہ بارھویں شب تک مسلسل مدنی مذاکرے فرمائیں گے۔ تمام ذِمَّہ داران وعاشقانِ رسول اِن مدنی مذاکروں میں خُود بھی شرکت فرمائیں اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دیں ❁ شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ہر ہفتے ایک دِینی رسالہ پڑھنے کی ترغیب ارشاد فرماتے ہیں، آنے والے ہفتے کے مدنی مذاکرے میں رسالہ **محبّتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم** کا اِعْلان کیا جائے گا۔ یہ رسالہ خُود بھی پڑھیئے! دوسروں کو بھی ترغیب دِلایئے اور سوشل میڈیا مثلاً واٹس ایپ وغیرہ پر رضائے اِلٰہی اور ثواب کے لیے دوسروں کو بھی شیئر(*Share*) کیجیے!

❁ عوامُ النّاس بالخصوص بچوں اور اِسکول و کالج کے طلبہ کے لیے سیرت مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے موضوع پر لکھی گئی المدینۃُ العلمیہ کی بہترین اور مختصر ایوارڈ یافتہ کتاب بنام: **پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی پیاری سیرت**۔ مکتبۃُ المدینہ نے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ آپ اس کتاب کو مکتبۃُ المدینہ کی کسی بھی شاخ سے حاصِل کر

سکتے ہیں۔اس کتاب کا نارمل ہدیہ رنگین یعنی 4 کلر والی **230 روپے** اور سادہ **190 روپے** ہے لیکن **1500 واں یوم جشن ولادت** کی اسپیشل میگا ڈسکاؤنٹ آفر پر آپ یہ کتاب رنگین **193 روپے** اور سادہ **159 روپے** میں حاصِل کر سکتے ہیں۔اس کتاب کو خود بھی پڑھیے!اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دلائیے!

❀ 1500 ویں جشنِ ولادت کی خوشی میں مکتبۃُ المدینہ کی شاندار پیشکش۔**25 صفر شریف یومِ اعلیٰ حضرت (19 اگست) سے لے کر یوم تحفّظِ عقیدۂ ختم نبوت (7 ستمبر)** تک یعنی **عرسِ اعلیٰ حضرت** سے **یوم تحفّظِ عقیدۂ ختم نبوت** تک مکتبۃُ المدینہ کی تمام پروڈکٹس پر 15 فیصد خصوصی ڈسکاؤنٹ حاصِل کیجیے!اِسی طرح اِس عظیم موقع پر مَدَنی پرچم (ہر سائز) ❀ بائیک ❀ کار ❀ ٹیبل فلیگ ❀ فلَاور اِسٹک ❀ اور دلکش نعلین شریف کے بیجز ❀ اور جشنِ ولادت میں دعوت اسلامی کے بینرز کا آرڈر بھی مکتبۃُ المدینہ کی دکانوں پر دے سکتے ہیں۔جلدی کریں، جشنِ ولادت کی تیاری بھی کریں،فائدہ بھی اٹھائیں!

## اجتماعِ میلاد و جلوسِ میلاد میں شرکت کی ترغیب

**پیارے اسلامی بھائیو!** آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا یومِ میلاد تشریف لارہا ہے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! دعوتِ اسلامی کے تحت شبِ میلاد عظیمُ الشّان اجتماعِ میلاد ہوتا ہے، جس میں نعت خوانی بھی ہوتی ہے، بیان بھی ہوتا ہے اور آقا کے دیوانے اپنے آقا و مولا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم پر خوب جھوم جھوم کر درودِ پاک کے نذرانے پیش کرتے، اور صلوۃ و سلام پڑھتے ہوئے صبح بہاراں کا استقبال کرتے ہیں، آپ بھی اس اجتماع میں اور بارہویں شریف کو ہونے والے جلوسِ میلاد میں لازمی شرکت کیجیے گا! اِنْ شَآءَ اللّٰهُ الْكَرِیْم! ❀ خوب درود پاک پڑھنے

❁ نعتیں سننے ❁ اپنے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا ذکرِ خیر سننے اور خوب خوب آمدِ مصطفےٰ کے نعرے لگانے کی سعادت حاصل ہوگی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1500 واں جشنِ ولادت | مرحبا! صد مرحبا! | آئے شاہِ ختمِ نبوت | مرحبا! صد مرحبا! |
| آئے تاجدارِ رسالت | مرحبا! صد مرحبا! | آئے جہاں میں جانِ رحمت | مرحبا! صد مرحبا! |
| صاحبِ عظمت و شان و شوکت | مرحبا! صد مرحبا! | سب سے بڑی اللہ کی نعمت | مرحبا! صد مرحبا! |
| آمنہ چمکی تیری قسمت | مرحبا! صد مرحبا! | گود میں آئی رب کی رحمت | مرحبا! صد مرحبا! |

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

**پیارے اسلامی بھائیو!** بیان کو اختتام کی طرف لاتے ہوئے سُنّت کی فضیلت اور چند آدابِ زندگی بیان کرنے کی سَعادت حاصِل کرتا ہوں۔ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نبوت صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: مَنْ اَحَبَّ سُنَّتِی فَقَدْ اَحَبَّنِی وَمَنْ اَحَبَّنِی کَانَ مَعِیَ فِی الْجَنَّۃِ جس نے میری سُنّت سے محبّت کی اس نے مجھ سے محبّت کی اور جس نے مجھ سے محبّت کی وہ جنّت میں میرے ساتھ ہوگا۔[1]

سینہ تیری سُنّت کا مدینہ بنے آقا! | جنت میں پڑوسی مجھے تم اپنا بنانا

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## سخاوت سُنّتِ مصطفےٰ ہے

**2 فرامینِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: (1)** سخاوت کرنے والا اللہ پاک کے بھی قریب ہے، جنّت کے بھی قریب ہے، لوگوں کے بھی قریب ہے اور جہنّم سے دُور ہے۔[2]

---

1 ... تاریخِ دمشق، جلد:9، صفحہ:343۔

2 ... ترمذی، سخاوت کا باب، صفحہ:479، حدیث:1961۔

(2): سخاوت جنّت کا ایک درخت ہے جس کی ٹہنیاں زمین کی طرف جھکی ہوئی ہیں جو شخص اُن میں سے کوئی ٹہنی پکڑ تا ہے، وہ اُسے جنّت کی طرف لے جاتی ہے۔[1]

اے عاشقانِ رسول! سخاوت سُنّتِ مصطفےٰ ہے: ❁ سخیوں کے سخی، مکی مَدَنی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کائنات میں سب سے بڑھ کر سخی تھے، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی سخاوت وقت کے ساتھ مخصوص نہ تھی بلکہ آپ ہمیشہ سخاوت فرماتے، عِلْم بانٹتے، مال بانٹتے، رَحْمَتِ الٰہی کی سخاوت فرماتے، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم جیسا سخی نہ کوئی ہوا ہے، نہ قیامت تک ہو گا کہ جس کو جو نعمت ملتی ہے، دیتا اللہ پاک ہے، تقسیم قاسِمِ نعمت مصطفےٰ جانِ رحمت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم ہی فرماتے ہیں:

نہ اُن کے جیسا غنی ہے کوئی، نہ اُن کے جیسا سخی ہے کوئی
وہ بے نواؤں کو ہر جگہ سے نوازتے ہیں بُلا بُلا کر

❁ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے دَرِ دولت سے کبھی کوئی سُوال کرنے والا خالی نہیں گیا، حضرت جابِر رَضِیَ اللہُ عنہ فرماتے ہیں: سائل چاہے کتنی ہی بڑی چیز کا سُوال کرتا، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم اُسے انکار نہ فرماتے۔[2] ❁ حضرت اِبْنِ عباس رَضِیَ اللہُ عنہما کا بیان ہے: نبی اکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم تمام انسانوں سے بڑھ کر سخی تھے، رمضان کریم میں آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی سخاوت کا دَرْیا خوب جوش پر ہوتا، رمضان کریم میں آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی سخاوت تیز ہواؤں سے بھی بڑھ کر ہوا کرتی تھی۔[3]

---

1 ... شعب الایمان، سخاوت کا باب، جلد:7، صفحہ:434، حدیث:10875۔
2 ... کتاب الشفا، جز:1، صفحہ:92۔
3 ... سیرت مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، سخاوت، صفحہ:623۔

مانگیں گے مانگے جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے[1]

اللہ پاک سخاوتِ مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے صدقے ہم غریبوں، بے نواؤں کو بھی کنجوسی سے بچنے اور خوب دِل کھول کر سخاوت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

مختلف سُنّتیں سیکھنے کے لیے مکتبۃُ المدینہ کی **بہارِ شریعت** جلد:3، حصہ:16، اور امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کا 91 صفحات کا رسالہ **550 سنّتیں اور آداب** خرید فرمایئے اور پڑھیے، سنّتیں سیکھنے کا ایک بہترین ذریعہ دعوتِ اسلامی کے قافلوں میں عاشقانِ رسول کے ساتھ سنّتوں بھرا سفر بھی ہے۔

اُلفتِ مصطفےٰ اور خوفِ خدا | چاہیئے گر تمہیں قافلے میں چلو
گر مدینے کا غم چاہیئے چشمِ نم | لینے یہ نعمتیں قافلے میں چلو[2]

اللہ پاک ہمیں عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔

1 ...حدائقِ بخشش، صفحہ:225۔
2 ...وسائلِ بخشش، صفحہ:669۔

# دعوتِ اِسلامی کے ہفتہ وار اِجتماع میں پڑھے جانے والے 6 دُرُودِ پاک، 2 دعائیں اور 2 اَحادیث

## ﴾1﴿ شَبِ جمعہ کا دُرُود

بزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص ہر شَبِ جمعہ (جمعہ اور جمعرات کی دَرمیانی رات) یہ دُرُودِ پاک پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے، موت کے وقت سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی زیارت کرے گا اور قبر میں داخِل ہوتے وقت بھی، یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم اُسے قبر میں اپنے رَحمت بھرے ہاتھوں سے اُتار رہے ہیں۔[1] آیئے! مل کر یہ دُرُودِ پاک پڑھتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

## ﴾2﴿ تمام گناہ مُعاف

حضرت اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو شخص یہ دُرُودِ پاک پڑھے، اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے، اُس کے گناہ مُعاف کر دیئے جائیں گے۔[2] آیئے! مل کر پڑھتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

---

1 ...اَفضَل الصَّلاۃ، صفحہ: 151، خلاصۃً۔
2 ...اَفضَل الصَّلاۃ، صفحہ: 65۔

## ﴿3﴾ رَحمت کے 70 دروازے

جو یہ دُرُودِ پاک پڑھتا ہے، اُس پر رَحمت کے 70 دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔[1] آیئے! رَحمتوں بھرا دُرُودِ پاک پڑھتے ہیں:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

## ﴿4﴾ 6 لاکھ دُرُود شریف کا ثواب

علّامہ اَحْمد صَاوِی رَحمۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ بعض بزرگوں کے حوالے سے لکھتے ہیں: اِس دُرُود شریف کو ایک بار پڑھنے سے 6 لاکھ دُرُود شریف پڑھنے کا ثواب حاصِل ہو گا۔[2] پڑھ لیتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

## ﴿5﴾ قُربِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم

ایک دن ایک شخص آیا تو حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے اُسے اپنے اور صِدِّیقِ اَکبر رَضِیَ اللّٰہُ عنہ کے درمیان بِٹھالیا۔ اِس سے صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہ عنہم کو حیرت ہوئی کہ یہ کون بڑے مرتبے والا شخص ہے! جب وہ چلا گیا تو سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: یہ جب مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھتا ہے، تو یوں پڑھتا ہے۔[3] آیئے! ہم بھی پڑھ لیتے ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

---

1 ...قَوْلُ البَدِیع، باب ثانی، صفحہ:277۔
2 ...اَفْضَلُ الصَّلاۃ، صفحہ:149۔
3 ...قَوْلُ البَدِیع، باب ثانی، صفحہ:125۔

## ﴿6﴾ دُرُودِ شَفَاعت

شافِعِ اُمَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کا عظمت والا فرمان ہے: جو شخص یوں دُرُودِ پاک پڑھے، اُس کے لئے میری شَفَاعت واجِب ہو جاتی ہے۔[1] آیئے! پڑھ لیتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

## ﴿1﴾ 1 ہزار دن تک نیکیاں

حضرت اِبْنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اِس کو پڑھنے والے کے لئے 70 فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔[2] آیئے! پڑھتے ہیں:

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ

## ﴿2﴾ گویا شَبِ قدر حاصِل کرلی

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم: جس نے اِس دُعا کو 3 مرتبہ پڑھا، گویا اُس نے شَبِ قَدْر حاصِل کرلی۔[3] دعا کیا ہے؟ آیئے! پڑھتے ہیں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

---

1 ... الترغیب والترہیب، کتاب الذکر والدعا، جلد 2، صفحہ: 329، حدیث: 30۔
2 ... مجمع الزوائد، کتاب الادعیہ، جلد 10، صفحہ: 254، حدیث: 17305۔
3 ... تاریخ ابن عساکر، جلد 19، صفحہ: 155، حدیث: 4415۔

## ﴿1﴾ شَبِ جمعہ کی فضیلت

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم: بے شک اللہ پاک ہر جمعہ کی رات کے شروع سے لے کر آخر تک اور ہر رات کے آخری تہائی حصہ میں دنیا کے آسمان پر تَجَلِّی فرماتا ہے اور فرشتے کو حکم دیتا ہے، جو یہ اِعلان کرتا ہے ❁ ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اُس کو عطا کروں ❁ ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ میں اُس کی توبہ قبول کروں ❁ ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ میں اُس کو بخش دوں۔ اے نیکی چاہنے والے! (نیکی کے کام میں) جلدی کر اور اے گناہ کے چاہنے والے (گناہ کرنے سے) باز آجا۔ (1)

## ﴿2﴾ جمعہ کے دن کا وظیفہ

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم: جو شخص جمعہ والے دن فجر کی نماز سے پہلے 3 مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھے، اُس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے، اگرچہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہوں۔ (2)

---

1 ... کتاب النزول للدار قطنی، ذکر الراویۃ عن امیر المؤمنین علی... الخ، صفحہ: 92، حدیث: 3۔
2 ... معجم الاَوسط، جلد: 5، صفحہ: 392، حدیث: 7717۔